اس سوال نامے میں 19 سوالات ہیں اور 11 صفحے ہیں۔

Code No. 62/S/N/U

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔ | | | | | | | | | | | | |

Set-A

# URDU

# (اُردو)

# (206)

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..............................................................................

امتحان کی تاریخ اور دن ..............................................................................

نگراں امتحاں کے دستخط 1. ..............................................................................

2. ..............................................................................

1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اُتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کریں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
3. طالب علم کو A, B, C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھیں۔
4. معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں، معروضی سوالات کے لے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔
6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 62/S/N/U-A کو لکھیے۔

**(URDU)**

**(اُردو)**

**(206)**

**وقت : ۳ گھنٹے** **کل مارکس : 100**

1. مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 6

دلِ مضطر سے پوچھ اے رونقِ بزم
میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

---

آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

یا

درج ذیل شعری اقتباس کی تشریح کیجئے، اس شعری اقتباس کے سبق اور شاعر کا نام بھی لکھیے :

وہ سنسان جنگل وہ نورِ قمر     وہ براق سا ہر طرف دشت و در
وہ اجلا سا میداں چمکتی سی ریت     لگا نور سا چاند تاروں کا کھیت
درختوں کے پتے چمکتے ہوئے     خس و خار سارے جھمکتے ہوئے
درختوں کے سایے سے مہ کا ظہور     گرے جیسے چھن چھن کے چھلنی سے نور

2. درج عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 8

''حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ہم سب صدق دل سے ہندی کا احترام کرتے ہیں۔ ہندی ہماری قومی زبان ہے۔ ہم ہندی کی ترقی چاہتے ہیں کیونکہ ہندی کی ترقی ہماری ترقی ہے۔ اور ہندی کا فروغ اصلاً ہمارا فروغ ہے۔ ایک عام اندازے کے مطابق اردو کے ستر فی صدی الفاظ پراکرتوں

کے ذریعے سے آئے ہیں۔ یعنی ہندی ہیں۔ جتنا اشتراک اردو اور ہندی میں پایا جاتا ہے، شاید ہی دنیا کی کسی دوسری زبانوں میں پایا جاتا ہو۔ اردو کی تقریباً چھتیس (36) آوازوں میں صرف چھ ایسی ہیں جو فارسی و عربی سے لی گئی ہیں باقی سب کی سب ہندی اور اردو میں مشترک ہیں۔''

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) ہم سب صدقِ دل سے کس کا احترام کرتے ہیں؟

(iii) ہم کیوں ہندی کی ترقی چاہتے ہیں؟

(iv) اردو کی کتنی آوازیں عربی و فارسی سے لی گئی ہیں؟

**یا**

''کئی دن گذر گئے وہ آتی، مجھے دیکھتی، مسکرا کر دو چار باتیں کرتی۔ اس کی میری کافی دوستی تھی، ایک دن بولی ''بی بی میری کہانی بھی لکھوگی'' میں نے ہنس کر اسے دیکھا۔ یہ سوال تو کہانی کار سے سبھی کیا کرتے ہیں۔ پھر اس کے چہرے پر ایک سایہ سا آیا اور گزر گیا ''بڑی دردناک ہے بی بی میری کہانی'' اور جیسے آنسو چھپانے کو جلدی سے کاموں میں لگ گئی۔

کون اسے دیکھ کر یہ سوچ سکتا تھا کہ وہ چھ بچوں کی ماں ہے۔ اس کا لمبا سیدھا قد، قدرے ابھرا ابھرا جسم جس کے نشیب و فراز کافی پُرکشش تھے۔ سرخی مائل سنہری رنگت، بڑی بڑی شربتی آنکھوں پر سیاہ دراز پلکوں کا سایہ''

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) کس کی کس سے کافی دوستی تھی؟

(iii) کہانی کار سے سبھی کیا سوال کیا کرتے ہیں؟

(iv) کون آنسو چھپانے کو جلدی سے کاموں میں لگ گئی۔

3. غزل کی وہ کون سی خصوصیت ہے جو اسے دوسری اصناف سے الگ کرتی ہے؟ 4

**یا**

غزل اور نظم کا بنیادی فرق واضح کیجیے۔

4. افسانے کی تعریف بیان کیجئے اور اردو کے دو مشہور افسانہ نگاروں کے نام بھی لکھئے۔ 4

**یا**

انشائیے کی تعریف لکھئے، اور اپنے کورس میں شامل انشائیے اور اس کے مصنف کا نام بھی لکھئے۔

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے 10

(i) یوم جمہوریہ

(ii) بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی

(iii) پنڈت جواہر لال نہرو

(iv) میرا پسندیدہ مصنف

(v) عید الفطر

6. اپنے جنم دن کی تقریب میں بلانے کے لیے اپنے دوست کو ایک خط لکھئے۔ 8

**یا**

اپنے علاقے میں بڑھتے جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس چوکی قایم کرانے کی غرض سے تھانیدار کو ایک درخواست لکھئے۔

7. انٹرنیٹ کیا ہے؟ موجودہ دور میں انٹرنیٹ تعلیم حاصل کرنے میں کیسے مددگار ثابت ہورہا ہے؟ 5

یا

ماس میڈیا کیا ہے؟ اس کے بنیادی اجزاء کون کون سے ہیں؟

8. شہریار کی شاعری پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھئے۔ 4

یا

اقبال کی شاعری پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھئے۔

9. میر تقی میرؔ کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ 3

10. ساحر لدھیانوی کی نظم ''اے شریف انسانو!'' کی روشنی میں بتایئے کہ جنگ کے کیا کیا نقصانات ہیں؟ 3

11. پریم چند کی افسانہ نگاری کی خصوصیات لکھئے۔ 4

یا

''غالبؔ نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا'' تبصرہ کیجئے۔

12. کنہیا لال کپور نے مفت اخبار پڑھنے والوں کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟ 3

13. ڈرامہ آزمائش کے آخری ایکٹ میں آپ کو کون سا کردار زیادہ پسند ہے اور کیوں؟ 3

14. اردو رسم الخط میں کتنے حرف ہیں؟ ترتیب کے ساتھ لکھئے۔ 3

15. مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں؟ اضافت کی مدد سے دو مرکب الفاظ بنایئے۔ 3

16. طنز کا اصل مقصد کیا ہے؟ 3

17. تشبیہ کی تعریف لکھئے اور مثال بھی دیجئے۔ 3

18. تمثیل کیا ہے؟ 3

19. نیچے ہر سوال کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں ان میں صحیح جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھئے۔ 20

(i) اردو کو ابتداء میں کس نام سے پکارا گیا؟

(A) ترکی

(B) فارسی

(C) ہندوی

(D) ایرانی

(ii) جس محبت کی بنیاد ایک اتفاق اور غلط فہمی پر ہو وہ ......

(A) ہمیشہ قایم رہتی ہے

(B) جلد ختم ہوجاتی ہے

(C) محبت ہوتی ہی نہیں

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) بوڑھے کے ماں، باپ، بھائی، بہن اور دوست اس سے کیا کہتے تھے؟

(A) ہائے بیٹا! وقت گذر گیا

(B) اب بھی وقت ہے

(C) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

(D) وقت سب سے بڑی دولت ہے

(iv) موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

اس شعر میں رات بھر کیا نہیں آتی ہے۔

(A) خوشی

(B) نیند

(C) غم

(D) ہنسی

(v) گھروں پر بم گرنے سے کیا ہوتا ہے؟

(A) روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے

(B) دھرتی کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے

(C) امن عالم کا خون ہوتا ہے

(D) لوگ جشن مناتے ہیں

(vi) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

اس شعر میں کس کی حالت کا ذکر کیا گیا ہے؟

(A) محبوب کی
(B) عاشق کی
(C) رقیب کی
(D) ناصح کی

(vii) مضمون نویسی کی سب سے آسان قسم کون سی ہے؟

(A) بیانیہ
(B) تخیلاتی
(C) تاثراتی
(D) نظریاتی

(viii) ہنکار اور معکوسی آوازیں کتنی ہیں؟

(A) چودہ آوازیں
(B) پندرہ آوازیں
(C) سولہ آوازیں
(D) سترہ آوازیں

(ix) صفحہ نمبر 12 کھینچا تانی میں آدھا آدھا ہو کر دو شریف آدمیوں کو محظوظ کر رہا ہے اس جملے میں شریف آدمی سے مراد ہے ...........

(A) امیر آدمی
(B) غریب آدمی
(C) بھلا آدمی
(D) خراب آدمی

(x) شعر مکمل کیجئے۔

اس لیے اے شریف انسانو!

(A) بات ہوتی رہے تو بہتر ہے

(B) بات چلتی رہے تو بہتر ہے

(C) شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

(D) جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے

(xi) ''دل فریب'' ایک مرکب لفظ ہے جو دو لفظوں سے مل کر بنا ہے انہیں الگ الگ کیجئے۔

(A) فریبِ دل

(B) دل کا فریب

(C) دل - فریب

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(xii) ''ایسا سکون جس پر تقریر بھی فدا ہو'' اس مصرعے میں کہا گیا ہے کہ ............

(A) خاموشی کی زبان بڑی ہی کارگر اور پُراثر ہوتی ہے

(B) خاموشی تقریر کی طرح کام کرتی ہے

(C) تقریر بہرحال خاموشی سے بہتر ہے

(D) تقریر اور خاموشی کی تاثیر ایک جیسی ہوتی ہے

(xiii) پگڑی اُتارنا کے معنی ہیں ......

(A) بے عزت کرنا

(B) عزت بڑھانا

(C) پگڑی اُتار کر رکھ دینا

(D) سر کو ننگا کرنا

(xiv) کلام میں محاوروں کا استعمال کرنا کس بات کی دلیل ہے؟

(A) زیادہ محاورہ جاننے کی

(B) با محاورہ کلام لکھنے کی

(C) کلام پر قدرت رکھنے کی

(D) محاوروں کے معنی جاننے کی

(xv) زندگی جیسی توقع تھی نہیں کچھ کم ہے
ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں کچھ کم ہے

اس شعر میں قافیہ ہے ......

(A) زندگی، توقع

(B) نہیں، کہیں

(C) گھڑی، احساس

(D) کچھ، کم

(xvi) تکرارِلفظی کسے کہتے ہیں؟

(A) زبانی جھگڑے کو تکرارِلفظی کہتے ہیں

(B) آپسی جھگڑے کو تکرارِلفظی کہتے ہیں

(C) لفظ کو شعر یا جملے میں دوبار لکھنے کو تکرارِلفظی کہتے ہیں

(D) لفظ اگر بار بار استعمال ہو تو اسے تکرارِلفظی کہتے ہیں

(xvii) ''دیکھ سکنے کی الگ بات'' سے کیا مراد ہے؟

(A) دیکھنے کے فعل کے ساتھ سکنا کا فعل لگا کر ہر فرد کی اس ذہنی سطح اور شعور کو ظاہر کیا گیا ہے جس کی روشنی میں وہ کسی چیز کے بارے میں رائے قایم کرتا ہے۔

(B) سنبھل سنبھل کر چلنا

(C) غور سے دیکھنا

(D) ان میں سے کوئی نہیں

(xviii) مقطع کہتے ہیں ......

(A) غزل کے پہلے شعر کو

(B) غزل کے آخری شعر کو

(C) غزل کے سب سے اچھے شعر کو

(D) غزل کے آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص نظم کرتا ہے۔

(xix) 15/اگست 1982ء کو ہندوستانی ٹی وی کی تاریخ میں ایک اہم دن تصور کیا جاتا ہے

کیونکہ اسی دن ............

(A) کیونکہ اسی دن پورے ملک کی نشریات کو INSAT-I کے ذریعے ایک لڑی میں پرویا گیا۔

(B) دہلی نیشنل پروگرام کا آغاز ہوا

(C) رنگین نشریات کا آغاز ہوا

(D) سبھی جواب درست ہیں

(xx) درج ذیل میں کس کا شمار اندراجی آلات میں نہیں ہوتا ہے؟

(A) مدر بورڈ

(B) سی پی یو

(C) مانیٹر

(D) مائیکرو پروسیسر